نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفار میشن پلان کا چکوال میں باقاعدہ افتتاح کر دیا

وزیر اعلیٰ پنجاب کا پوٹھوہار میں زراعت کی ترقی کے لیے یہ منصوبہ ایک منفرد اور تاریخی اقدام ہے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:19فروری2026: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفار میشن پلان کا چکوال میں باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔۔اس موقع پر ممبران قومی اسمبلی سردار غلام عباس، میجر(ر) طاہر اقبال جبکہ ممبران صوبائی اسمبلی تنویر اسلم سیٹھی، ملک شہریار اعوان، فلک شیر اعوان اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔ تقریب میں محکمہ زراعت پنجاب کے ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر ساجد الرحمان، رانا تجمل حسین اور پوٹھوہار ریجن کے کاشتکاروں اور دیگر سٹیک ہولڈرز نے بھرپور شرکت کی۔

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوٹھوہار میں زراعت کی ترقی کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کا یہ ایک منفرد اور تاریخی اقدام ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 07 ارب روپے کی خطیر رقم کی لاگت سے پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفار میشن پلان پر عملدرآمد جاری ہے جو خطہ پوٹھوہار میں زرعی شعبہ کی ترقی کے لیے گیم چینجر ثابت ہو گا۔ وزیر زراعت نے کہا کہ پانی کے مؤثر اور باکفایت استعمال کے لیے06 ارب روپے سے مختلف سکیموں پر عملدرآمد کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سولر سسٹم کے ساتھ 1700 لفٹ اریگیشن سسٹمز کی 70 فیصد سبسڈی پر تنصیب جاری ہے جبکہ 7 لاکھ روپے فی یونٹ سبسڈی پر 270 لیزر لینڈ لیولرز کی فراہمی بھی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 70 فیصد سبسڈی سے 15 چھوٹے ڈیموں کے کمانڈ ایریا میں 250 کھالہ جات کی تعمیر جاری ہے جبکہ 17 لاکھ 50 ہزار روپے فی یونٹ سبسڈی سے 400 منی ڈیمز زیر تعمیر ہیں۔ اسی طرح 77 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی سے 4500 ایکڑ رقبہ کی بذریعہ بلڈوزرز اصلاح جاری ہے اور 3500 ایکڑ سے زائد رقبہ پر زیتون کے نئے باغات لگائے جارہے ہیں۔ وزیر زراعت نے بتایا کہ 50 فیصد سبسڈی سے 04 کولڈ پریس یونٹس پرائیویٹ سیکٹر کو فراہم کیے جارہے ہیں جبکہ 32 لاکھ 90 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی سے 110 ایکڑ رقبہ پر

ادرک کی کاشت پر عملدرآمد جاری ہے۔ وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ 500 ملین روپے کی لاگت سے جنگلی جانوروں سے فصلات اور باغات کے تحفظ کے لیے باڑ کی تنصیب بھی جاری ہے تاکہ کاشتکاروں کی فصلوں کو محفوظ بنایا جاسکے۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اس موقع پر کہا کہ بلیک بیری، انجیر، انگور اور نیکٹرین کے 30 ہزار پودے رعایتی قیمتوں پر فراہم کیے جا رہے ہیں جبکہ مونگ پھلی کی اعلیٰ اقسام کا 25 ہزار کلوگرام بیج بھی کاشتکاروں کو رعائیتی نرخوں پر دیا جارہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ترشاوہ پھلوں کے 15 ہزار پودے اور ایوکاڈو، پیکن نٹ، آلو بخارا اور سیب کے 14 ہزار پودے بھی رعایتی قیمتوں پر فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ پوٹھوہار میں باغبانی اور زرعی ترقی کو مزید فروغ دیا جاسکے۔

☆☆☆☆